رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

ششماہی امتحان 2024ء/1446ھ

شعبۃ الامتحان بوائز

درجہ: الدرس النظامی السنۃ السابعۃ | پرچہ: پہلا | مضمون: الفقہ

تاریخ: 24-08-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "ولھذا ینعقد بالتعاطی" میں "تعاطی" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: ایجاب کے باطل ہونے کی کوئی ایک صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ایجاب و قبول ہونے کے باوجود حاصل ہونے والے خیار کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 4: "المتبایعان بالخیار مالم یتفرقا" نبی کریم ﷺ کے اس فرمان سے امام شافعی نے کون سا مسئلہ اخذ کیا ہے؟

سوال نمبر 5: ادھار بیع کرنے کے جواز کی دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: خیارِ رؤیت کے متعلق امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال نمبر 7: اندھے کی خرید و فروخت کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: خیار رؤیت کے باطل ہونے کی کوئی ایک صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: مشتری کو خیارِ عیب کیوں حاصل ہوتا ہے؟

سوال نمبر 10: بیع ملامسہ کے ناجائز ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: بیع منابذہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: امام اعظم رحمہ اللہ تعالی کے نزدیک ریشم کے کیڑے کی بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال نمبر 13: خنزیر کے بال کی بیع کے ناجائز ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: انسانوں کے بالوں کی بیع کے ناجائز ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: بیع فاسد کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: اقالہ کے جائز ہونے کی دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: بیع مرابحہ میں مبیع کی قیمت کے علاوہ اور کون کون سے خرچے کو ملا کر بیان کرنا جائز ہے؟

سوال نمبر 18: "والتصرف فی الثمن قبل القبض جائز" نفس مسئلہ کی علت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: ربو کے تحقق کی ہمارے نزدیک علت کیا ہے؟

سوال نمبر 20: بیع سلم کے جواز کی دلیل تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: خیار شرط کی مدت کے بارے میں اختلافِ ائمہ (چار ائمہ کے موقف) تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "خیار البائع یمنع خروج المبیع عن ملکہ" عبارت سے ثابت شدہ مسئلے کو دلیل کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ولا یجوز بیع السمک قبل ان یصطاد ولا فی حظیرۃ اذا کان لا یؤخذ الا بصید" نفس مسئلہ کی وضاحت مختصرا دلیل کے ساتھ کیجئے۔

سوال نمبر 4: "ومن اشتری جاریۃ الا حملھا فالبیع فاسد" نفس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے اس مسئلہ کے تحت لکھا گیا اصول تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "ویجوز بیع اللحمان المختلفۃ بعضھا ببعض متفاضلا" نفس مسئلہ کی وضاحت علتِ ہدایہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔